عطیہ جناب سید خورشید علی صاحب

# مسجد و مقبرہ میاں مشک

## سلاطین قطب شاہیہ

کے

معتمد و سرلشکر میاں مشک المتوفی ۱۰۹۲ھ / ۱۶۸۱ع کی مسجد و مقبرہ کے

تاریخی حالات اور جدید اصلاحات کا تذکرہ

حسب فرمائش

جناب مولوی غلام محمد صاحب منتظم مساجد و مذہبی کار سرعالی

مرتبہ

## محمد سردار علی

۱۳۵۰ھ / ۱۳۴۱ف

قیمت ۲/

ایدے ایلچی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# مسجد و مقبرہ میاں مشک

## میاں مشک کون تھے

میاں مشک کے حالات کا تاریخوں میں پتہ نہیں۔ حتیٰ کہ ہمعصر تاریخیں بھی ان کے احوال سے خالی ہیں۔ ان کی مسجد اور مقبرہ پر جو کتبے ہیں اس سے ان کے حالات پر اس قدر روشنی پڑتی ہے کہ یہ عہد قطب شاہی میں گزرے ہیں اور سلاطین قطب شاہیہ کے معتمد۔ سرلشکر (آج کل کی زبان میں کمانڈر) اور کلید دار رہے ہیں۔ کلید دار ایک ایسی خدمت تھی۔ جس کے پاس شاہی کنجیاں ادھر میں رہتی تھی۔ اور یہ خدمت نہایت وفادار اور دیانت دار شخص کو دیجاتی تھی۔ صاحب مآثر دکن کا خیال ہے کہ نام سے یہ اصلاً افریقی معلوم ہوتے ہیں ان کی بنائی ہوئی

مسجد۔ کاروان سرا اور حمام ابتک محفوظ حالت میں ہیں جس سے بانی کی نیک نیتی کا پتہ چلتا ہے۔ ان آثار کے کتبات سلطان ابوالحسن قطب شاہ کے فرامین پر مشتمل ہیں۔ ان کتبات میں ان معمولات کا تفصیلی ذکر ہے جو مسجد اور حمام کے اخراجات کے لئے مقرر کئے گئے تھے۔ میاں مشک نے ۱۰۹۲ھ میں وفات پائی۔

## مسجد و مقبرہ

مسجد و مقبرہ پل کہنہ کے متصل واقع ہے۔ سن تعمیر ۱۰۸۵ھ (۱۶۷۴ع) ہے اس کے مغربی دروازہ پر محرابدار سنگ سیاہ میں بخط نسخ حسب ذیل کتبہ نصب ہے۔

نقل فرمان سلطان ابوالحسن قطب شاہ فرمان جہاں مطاع آفتاب ارتفاع از دیوان ہمایوں خلافت مشحون چناں زینت صدور یافت کہ عاملان متصدیان و کارکنان حال و استقبال و متاصدیان کتوالخانہ تھانہ متعدپور بعنایت شاہانہ مستظہر بودہ بدانند کہ مقرب الحضرت الخاقانی ملک مشک سرلشکر کرناٹک بغرض مقیمان حضور لامع النور رسانید کہ حاصل بازار تعلق مسجد مشارالیہ خارج کرایہ سالانہ مبلغ ہشتاد ہون کہرہ کہ تفصیل آں در فرمان گذشت

پیش جدار ملگیہائے محمد نگر دوکانہائے بازار دوطرفہ مسجد با یک جو خوشبو
فروش وغیرہ مذکور از مراحم شاہانہ برائے اخراجات لنگر عاشورہ الاوہ
وآبدار خانہ و فرش و روشنائی مسجد مزبور واخراجات دیگر عنایت
مرحمت شود لہذا التماس مومی الیہ بدرجۂ قبول رسیدہ وہشتاد ہون
مستور فوق را بانچہ از معموری بازار مذکور بہم رسد جہت اخراجات لنگر
دعاشورخانہ والاوہ واخراجات مسجد عنایت و مرحمت فرمودیم امر اعلی
صادر است کہ سال بسال بلا خلل جاری داشتہ از تغیر تبدیل مصئون
شناسندہ کسے کہ از حکم فرمان عالی تخلف ورزد یا آنکہ مبلغ مذکور را متصرف
شدہ باخراجات مسطورہ صرف نہ کند بغضب خدا ونفرین رسول خدا و آئمہ
ہدی گرفتار شود تحریرا فی التاریخ شہر محرم الکتبہ حسین بن تقی فی ۱۰۸۰ھ

مشرقی دروازہ پر دائرہ میں جو کتبہ درج ہے اس کے اطراف
بارہ امام کے نام اور بیچ میں حسب ذیل شعر کندہ ہے۔ تاریخ ظفرہ کے مؤلف کا
بیان ہے کہ یہ تاناشاہ کے مہر کی عبارت ہے ؎

مودی کہ بتائید حق دکن است — بجان محب علی قطب ابوالحسن است

اس کتبہ کے نیچے خط تعلیق میں جو نسخ و نستعلیق کی بگڑی ہوئی شکل ہے
حسب ذیل کتبہ نصب ہے۔

نقل فرمان سلطان ابوالحسن قطب شاہ عاملان کتوالخانہ و نعمانہ مستعد بودہ

و موضع عطاپور مو دلی قلعہ مبارک محمد انگر مستظہر بودہ بدانند کہ معتمد الخدمت ملک مشک کلیدار بعز عرض مقیمان حضور لامع النور رسانید حاصل بازار مسجد خود و بیت دباغچہ و پٹہ قطعۂ زمین مزرعہ انعام خود و وظیفہ مسجد و غلہ زمین انعام میر ملک خرید خود کہ در موضع مذکور واقع است بعد از اخراجات ضروری آن بیست صد ہون وجہت لنگر عاشورۂ الادہ و آبدار خانہ چہل ہون سالیانہ جہت لنگر مسجد و روشنائی و بعض سالیانہ و ہشتاد ہون و غلہ زمین انعام میر ملک مشاہرہ داران لنگر مسجد و بعضے یکصد دو ہون و آنرا متعلق بست ہون موذن دہ ہون فراش شش ہون تیل چراغ شش ہون - فرش مسجد دو ربع ہون - مطبخ شش ہون - سقا شش ہون جہت تعمیر مسجد بعضے دوازدہ ہون دیوتی ہفت نیم ہون دربان دوازدہ ہون دو نفر از جاروکش شش ہون نویسندہ ہمہ ہشت دربع ہون اخراجات حمام و مشاہرہ داران سالیانہ نود و ہشت ہون آنرا ہیزم سالیانہ چہل ہون و خوراک گاوان دلو و ریسمان شانزدہ و ربع ہون پلہ کاری شش ہون کیسہ مال دو نفر پانزدہ ہون تیل چراغ یک نیم ہون حصیر و لنگی وغیرہ یک ربع ہون مالی آب کش دو نفر را دوازدہ ہون بدین موجب وقف صحیح شرعی نمودہ بہ نذر حضرات دوازدہ امام علیہم السلام نزدیک مسجد خود یک حبہ تجاوز نہ نمودہ طعام پختہ بدرویشان و مستحقین می خورانیدہ باشند اخراجات عاشورہ و حمام و مشاہرہ چاکران

می رسانیدہ باشند لہٰذا التماس مومی الیہ بدرجۂ قبول رسیدہ امر عالی صادر است کہ برہیچ وقف نمودن ملک مشارٌ الیہ سال بسال بلاخلل جاری داشتہ از تغیر و تبدیل آں اجتناب نمایند و باآنچہ از روئے معموری بازار و پنت و باغچہ و مزرعہ ہرچہ بہم رسد بدل اخراجات صرف نمایند کسے کہ تخلف ورزد یا طمع نماید مسلماناں یا ہندو ہر کہ باشد بغضب و سخط خدا تعالیٰ گرفتار شود و از شفاعت شفیع روز جزا محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم بے نصیب و روسیاہ گردد ۱۰۸۹ سنہ

مشرقی دروازہ کی اندرونی دیوار پہ جو کتبہ نصب ہے۔ اس میں کوئی جادو خانہ یا جاندار خانہ نامی عمارت کی تعمیر کا ذکر ہے۔ جو سلطان محمد قطب شاہ کے عہد میں ایک ہزار چار سو ہُونْ کے صرف سے ۱۰۳۵ھ = ۱۶۲۵ء میں تیار ہوئی تھی لیکن مسجد یا سَرا میں اس نام کی کوئی عمارت نہیں ہے اس لئے یہ کتبہ غیر متعلق معلوم ہوتا ہے جو کسی غلطی کی وجہ سے یہاں نصب ہو گیا ہے۔ وہ کتبہ یہ ہے :-

الحمد للہ والمنۃ کہ باتمام رسید ایں عمارت فائض النور مسمیٰ بجادو خانہ حضور نامدار حسب الحکم شاہ اعظم خاقان معظم ابوالمظفر سلطان محمد قطب شاہ خلد ملک ابداً بہ مبلغ یک ہزار چہار صد راج دار السلطنت سلطان نگر حرسہ اللہ تعالیٰ عن کل شر و الخطط تاریخ شہر محرم

سنہ خمس وثلاثین بعد الف (۱۰۳۵ھ = ۱۶۲۵ع)۔

# مقبرہ کا کتبہ

مقبرہ میاں مشک کے دروازہ پر کتبۂ ذیل نصب ہے :-

نقل فرمان سلطان ابوالحسن قطب شاہ بجانب عاملان حال و استقبال موضع عطاپور حوالی قلعہ محمد نگر شرف اصدار یافت کہ ملک مشک التماس بہ پایۂ سریر اعلیٰ رسانید کہ تکمل زمین انعام خود میر ملک در موضع مذکور بموجب قبالۂ شرعی خریدہ مبر مذبور بر وجہ خاص و اشجار در زمین مزرعہ وغیرہ آں را وقف شرعی نمودہ کہ ہر چہ حاصل شود بعد اخراجات ضروری آں جہت لنگر بہ نذر دوازدہ امام علیہم السلام بر مسجد نزد زدہ است دیگ طعام پختہ بدرویشاں و مستحقین می خرانیدہ باشند جہت اجرائے آں بنام عاملان موضع مذکور فرمان صادر شود لہٰذا ازراہ مراحم شاہانہ امر عالی شد کہ عاملان حال و استقبال موضع مذبور بر نہج وقف نمودن ملک مشار الیہ جاری دارد و اگر احدی تخلف آں کوشند و خلاف ورزند بلعنت خدا و نفرین رسول گرفتار شوند و روسیاہ باشند۔

# لوحِ مزار

میاں مشک کے لوحِ مزار کی عبارت یہ ہے :-

بتاریخ بست ونہم ربیع الاول یوم الاَحد جنتی میاں مشک برحمتِ حق پیوست سنہ ۱۰۹۲ھ۔

میاں مشک نے عطاپور میں ایک محل بھی تعمیر کیا تھا۔ اگرچہ یہ محل زمانہ کے دست بُرد سے برباد ہو چکا ہے لیکن اب بھی اس کے شکستہ آثار باقی ہیں۔

# نگرانی سررشتہ امورِ مذہبی سرکارِ عالی

مسجد سررشتۂ امور مذہبی سرکار عالی کی نگرانی میں آنے کے بعد ۱۳۱۷ سے ۱۳۴۴ف تک جو تعمیر و ترمیم ہوتی رہی اس پر اوسطاً ہزار روپیہ خرچ ہوے۔ عالیجناب نواب لطف الدولہ بہادر صدرالمہام امورمذہبی کے عہد میں جناب نواب اختر یار جنگ بہادر مینائی ناظم ومعتمد امور مذہبی سرکار عالی کی حُسن توجہ اور اہتمام سے مشورہ محکمہ آرائش بلدہ مسجد کی افتادہ اراضی پر تعمیر امکنہ کا ایک جدید اسکیم تیار کیا گیا اور اضافہ آمدنی کی جدید صورتیں نکالی گئیں۔ اسکیم جدید کی عمل آوری پر ایک لاکھ روپیہ صرف ہوگا۔ یہ اسکیم عمارات ذیل پر مشتمل ہے۔

مکانات (۴۳) قطعہ سڑک (۳)
تعمیر حصار قبرستان (۲) قطعہ پارک و میموریل سٹون ایک

محمد اسحٰق صاحب افسر تعمیرات نہیں کی نگرانی میں سکیم کے تحت کام شروع ہو گیا ہے۔ پانچ مکانات۔ ایک سڑک اور دو قبرستانوں کی تعمیر مکمل ہو چکی ہے دو قطعہ امکنہ زیر تعمیر ہیں۔

اس وقت مسجد آراستہ و پیراستہ حالت میں ہے اس کے متعلقہ حصّوں میں مناسب ترمیم عمل میں آئی۔ برقی روشنی سے مسجد کو اور شاندار بنایا گیا ہے مسجد میں جو مدرسہ ہے اس میں بچّوں اور بالغوں کی باقاعدہ تعلیم ہو رہی ہے ہر ایک کے لئے علیحدہ علیحدہ مدرس مقرر ہیں۔

جدید اسکیم کی تکمیل پر نہ صرف آمدنی میں کثیر اضافہ ہو گا بلکہ مسجد اور ملحقہ عمارات کا حصّہ بہت ہی شاندار اور قابلِ دید ہو گا۔

# موجودہ آمدنی وخرچ حسب ذیل ہے۔

## آمدنی

| | | |
|---|---|---|
| کرایہ ومکانات ودکانات | ماہانہ [illegible] | سالانہ [illegible] |
| نزول اراضی محلہ چندرکاپور | | 〃 [illegible] |
| میزان | | [illegible] |

## خرچ

### مسجد

| | | |
|---|---|---|
| تنخواہ حافظ نیک عالم خان صاحب امام | ماہانہ [illegible] | سالانہ [illegible] |
| تنخواہ حاجی محمد صدیق صاحب مؤذن | 〃 [illegible] | 〃 [illegible] |
| تنخواہ محبوب علی جاروب کش | 〃 [illegible] | 〃 [illegible] |
| خاکروب | 〃 [illegible] | 〃 [illegible] |
| روشنی برقی | 〃 [illegible] | 〃 [illegible] |
| نماد | 〃 [illegible] | 〃 [illegible] |
| مصارف ماہ صیام مبارک | | 〃 [illegible] |
| جملہ | [illegible] | [illegible] |

## مدرسہ

| | | |
|---|---|---|
| تنخواہ مولوی ابو الفضل محمد شرف الدین صاحب مدرس | ماہانہ [illegible] | سالانہ [illegible] |
| تنخواہ داؤد خاں چپراسی | 〃 [illegible] | 〃 [illegible] |
| کتب درسی طلبا مدرسہ | 〃 [illegible] | 〃 [illegible] |
| جملہ | [illegible] | [illegible] |

## مسجد محلہ حیدر کا پور

| | | |
|---|---|---|
| تنخواہ قاری محمد عبد الرزاق صاحب امام | ماہانہ [illegible] | سالانہ [illegible] |
| صادر | 〃 [illegible] | 〃 [illegible] |
| جملہ | [illegible] | [illegible] |

## مدرسہ بالغان

| | | |
|---|---|---|
| تنخواہ مولوی عبد الخالق صاحب مدرس | ماہانہ [illegible] | سالانہ [illegible] |
| عرس میاں مشک | | [illegible] |
| متولیان مسجد | ماہانہ [illegible] | سالانہ [illegible] |

صدر میزان خرچ [illegible]

اس کتاب کی قیمت مدرسۂ عظمت الاسلام مسجد ملا محی الدین

بازار کوکہ حیدر آباد کے لئے وقف کی گئی ہے۔

(مطبوعہ)

شمس الاسلام پریس حیدر آباد دکن